## سوال

(542)زید کی سابقہ عورت سے ایک لڑکا ہے      الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کی سابقہ عورت سے ایک لڑکا ہے۔ اور ایک لڑکی کچھ دنوں بعد عورت مذکورہ فوت ہوگئی سال بعد زید نے نکاح ثانی کیا اس سے ایک لڑکا ہوا مشیت ایزدی سے زید بھی راہی ملک عدم ہوا زید کے ایک سال بعد زوجہ ثانی کا لڑکا بھی فوت ہوگیا اب استفساء ہے کہ زوجہ ثانیہ کا حصہ اسکی ماں کو دیا جائے یا اس سے ورثہ میں بہن بھائی کو بھی پہنچتا ہے تو کس نوع سے اسکا خلاصہ بحوالہ کتاب اللہ ترتیم فرما کر اخبار گوہر بار کے کس گوشہ میں جگہ دے کر ملتمس کو مشکور اپنا کریں گے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورت مرقومہ میں زید کے دوسرے لڑکے کے حصہ میں سےچھٹا حصہ اسکی ماں کوملے گا باقی اس کے بہن بھائی علاقیوں کو روپیہ میں سے اڑھائی آنہ 2 پائی اس ماں کو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد2ص499**

محدث فتویٰ